36869-صفا اور مروہ کے مابین سعی حج یا عمرہ کے علاوہ مشروع نہیں

سوال

کیا نفلی سعی کرنی جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

نفلی سعی کرنا جائز نہیں اس لیے کہ سعی صرف حج یا عمرۃ میں ہی کرنا مشروع ہے اس کی دلیل مندرجہ ذیل فرمان باري تعالی ہے :

{یقیناً صفا اور مروہ اللہ تعالی کی نشانیوں میں سے ہیں اس لئے بیت اللہ کا حج و عمرہ کرنے والے پر ان کا طواف کرلینے میں بھی کوئی حرج نہیں ، اپنی خوشی سے بھلائی کرنے والوں کا اللہ تعالی قدردان ہے اورانہیں خوب جاننے والا ہے }۔ البقرۃ (158) .